**26.01.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں............ شگفتہ یاسمین

**Music**

.........................................................................

☆ آج ملک کا 77واں یومِ جمہوریہ منایا گیا۔ نئی دِلی میں کرتویہ پتھ پر شاندار پریڈ میں ملک کی ثقافتی گوناگونیت، اقتصادی ترقی اور فوجی طاقت کی جھلک پیش کی گئی۔

☆ یومِ جمہوریہ پریڈ میں سیکڑوں فنکاروں نے 'وندے ماترم' کے 150 سال مکمل ہونے کو اُجاگر کیا۔

☆ مختلف ریاستوں، مرکز کے زیرانتظام علاقوں اور بیرونِ ملک بھارتی مشنوں میں بھی یومِ جمہوریہ منایا گیا۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ یومِ جمہوریہ تقریبات میں یوروپی یونین کے لیڈروں Antonio Costa اور Ursula Von Der Leyen کی موجودگی سے بھارت- یوروپی یونین ساجھیداری کی بڑھتی ہوئی قوت کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ امریکہ، فرانس اور چین کے صدور سمیت عالمی رہنماؤں نے یومِ جمہوریہ کے موقع پر مبارکباد دی۔

☆ اور ...... خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ میں وڈودرا میں ممبئی انڈینس اور رائل چیلنجرس بنگلورو کے درمیان میچ جاری ہے۔

.........................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Republic Day 2026**

آج 77واں یومِ جمہوریہ منایا گیا اور نئی دِلی میں کرتویہ پتھ پر شاندار پریڈ میں ملک کی ثقافتی گوناگونیت، اقتصادی ترقی اور فوجی قوت کا مظاہرہ کیا گیا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے یومِ جمہوریہ کا جشن منانے میں ملک کی قیادت کی۔ تقریب کے آغاز میں وزیراعظم نریندر مودی نیشنل وار میموریل گئے، جہاں اُنہوں نے گُل دائرہ نذر کرکے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ایک بگھی میں سوار ہو کر کرتویہ پتھ پہنچیں۔ اُن کے ہمراہ یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen بھی تھیں، جو اِس تقریب کے مہمان خصوصی

تھے۔ صدر جمہوریہ نے ترنگا لہرایا۔
اِس کے بعد قومی ترانہ گایا گیا اور 105 ملی میٹر کی لائٹ فیلڈ Guns کے ذریعے 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔
پیش ہے ایک رپورٹ:

**VC- Bhanu**

کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں بھارت کی ثقافتی گوناگونیت اور فوجی طاقت کے منفرد امتزاج کو اُجاگر کیا گیا۔ یہ دن اِس سال کے خاص موضوع: ''سوتنترتا کا منتر- وندے ماترم'' اور ''سمردھی کا منتر-آتم نربھر بھارت'' کے تحت منایا گیا۔ پریڈ کے دوران مختلف ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں، مرکزی سرکار کی وزارتوں اور محکموں کی 30 جھانکیاں بھی شامل تھیں۔ ایک جھانکی میں قومی گیت 'وندے ماترم' کے 150 سال اور مختلف شعبوں میں بڑھتی ہوئی خودکفالت کے پس منظر میں ملک کی تیز رفتار ترقی کو منفرد انداز سے دکھایا گیا اور ملک کی ثقافتی گوناگونیت کی جھلک پیش کی گئی۔
آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوج کی جانب سے استعمال کئے گئے بڑے اسلحہ نظام کی جھلک کو نمایاں کرتے ہوئے فوج کی تینوں شاخوں کی جھانکی پریڈ میں توجہ کا ایک اہم مرکز رہی۔
برہموس اور آکاش اسلحہ نظام، اندر تک جاکر حملہ کرنے کی صلاحیت والا راکٹ لانچر نظام ''سوریاستر'' اور جنگی ٹینک ارجن، اُن اہم فوجی پلیٹ فارمس میں شامل تھے، جنہیں کرتویہ پتھ پر پریڈ کے دوران پیش کیا گیا۔
لوگوں نے مختلف شعبوں میں ملک کی پیش رفت اور فلائی پاسٹ کا فخر کے ساتھ نظارہ کیا۔
صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن سبھانشو شکلا کو زمانۂ امن کے بہادری کے ایوارڈ اشوک چکر سے سرفراز کیا۔
یہ تقریب بھارتی فضائیہ کے 29 طیاروں کے فلائی پاسٹ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی، جس میں رافیل، SU-30، C-295، مِگ-29 اور اپاچے ہیلی کاپٹر شامل ہیں۔
زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے خصوصی مہمان بھی تقریب میں شریک ہوئے۔
دِلی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ......................

**Vande Matram Performance**

آج یومِ جمہوریہ تقریبات کے دوران کرتویہ پتھ پر ملک بھر کے فنکاروں نے قومی گیت 'وندے ماترم' کے 150 سال مکمل ہونے کو اُجاگر کرتے ہوئے قومی گیت کی دُھن پر رقص پیش کیا۔ رنگ برنگی پوشاک میں ملبوس مختلف ریاستوں کی نمائندگی کرنے والے تقریباً ڈھائی ہزار فنکاروں نے لوک رقص اور کلاسیکی رقص کے ذریعے بھارت کی شاندار ثقافتی گوناگونیت کا مظاہرہ کیا۔
آج کی یومِ جمہوریہ پریڈ کا خاص موضوع تھا: ''سوتنترتا کا منتر- وندے ماترم''
اِس سے تحریک آزادی سے لے کر قومی اتحاد کی علامت تک قومی گیت کے سفر کی عکاسی ہوتی ہے۔×

**RD State Celebrations**

مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے بھی یومِ جمہوریہ کی تقریبات منائے جانے کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔

جموں و کشمیر میں جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے قومی پرچم پھہرایا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں نئی صبح کا آغاز ہوچکا ہے اور انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دہشت گردی کو ختم کرنے اور دہشت گردی کے واقعات سے متاثرہ کنبوں کو مکمل مدد فراہمکرنے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

پنجاب کے Fazilka میں یومِ جمہوریہ کی تقریب میں گورنر گلاب چند کٹاریہ نے پریڈ کی سلامی لی۔

راجستھان میں جے پور میں ریاستی سطح کی تقریب میں گورنر Haribhau Bagade نے قومی پرچم پھہرایا۔

دنیا بھر میں موجود بھارتی برادری نے بھی پورے جوش و خروش کے ساتھ 77 واں یومِ جمہوریہ منایا۔ x

**Prez At Home Reception**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج 77ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر راشٹرپتی بھون میں At Home استقبالیے کا اہتمام کیا۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن، وزیراعظم نریندر مودی، دورے پر آئے ہوئے یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa، یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen اور دیگر ممتاز شخصیات نے استقبالیے میں شرکت کی۔x

**PM Rpublic Day**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے خوب جوش و خروش اور فخر کے ساتھ یومِ جمہوریہ منایا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ کرتویہ پتھ پر شاندار پریڈ میں ملک کی جمہوریت کی مضبوطی، مالا مال وراثت اور اُس اتحاد کی عکاسی کی گئی، جس نے سب کو متحد کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پریڈ میں بھارت کی سلامتی سے متعلق جدید ترین ہتھیاروں کی نمائش کی گئی، جس سے ملک کی تیاری، تکنیکی صلاحیت اور اپنے شہریوں کے تحفظ کے پختہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ وزیر اعظم نے یومِ جمہوریہ تقریبات کے دوران یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen کی میزبانی کرنے کے ملک کے اعزاز کو بھی اجاگر کیا۔

انہوں نے کہا کہ ان کی موجودگی، بھارت-یوروپی یونین شراکت داری کے مستحکم ہونے اور ہماری مشترکہ اقدار کے سلسلے میں ہمارے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

**World Leaders R-Day**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، چین کے صدر XI Jinping، برطانیہ کے شاہ چارلس سوئم اور فرانس کے صدر Emmanuel میخوں نے بھارت کے یومِ جمہوریہ پر مبارکباد دی ہے۔ صدر ٹرمپ نے بھارت اور امریکہ کو دنیا کی

سب سے قدیم اور سب سے بڑی جمہوریتیں قرار دیا اور عالمی سطح پر بھارت کے بڑھتے ہوئے تعلقات اور رابطوں کو سراہا۔

چین کے صدر XI Jinping نے صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کو بھیجے گئے مبارکباد کے پیغام میں کہا کہ گزشتہ سال کے دوران بھارت-چین تعلقات میں لگاتار بہتری آئی ہے اور یہ اِس انداز سے فروغ پارہے ہیں، جو دونوں ملکوں اور اُن کے عوام کے بنیادی مفادات سے مطابقت رکھتے ہیں۔

برطانیہ کے شاہ چارلس سوئم نے صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور بھارت کے عوام کو یومِ جمہوریہ کی مبارکباد دیتے ہوئے بھارت اور برطانیہ کے درمیان پائیدار ساجھیداری کی ستائش کی ہے، جس کی بنیاد دولتِ مشترکہ کی یکساں اقدار میں پنہاں ہیں۔ اُنہوں نے احمد آباد میں 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیلوں کی میزبانی حاصل ہونے پر بھارت کو مبارکباد بھی دی۔

فرانس کے صدر میخوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ ایک سیلفی شیئر کی ہے، جو 2024 میں 75 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کی ہے، جب وہ مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے آئے تھے۔

اِدھر یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے یومِ جمہوریہ کی آج کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے اپنی موجودگی کو زندگی بھر کے ایک اعزاز سے تعبیر کیا۔ محترمہ Leyen نے کہا کہ کامیاب بھارت سے دنیا زیادہ مستحکم، خوشحال اور محفوظ بنے گی، جس سے ہم سبھی کو فائدہ ہوگا۔

بیرونِ ملک بھی، بھارت کا یومِ جمہوریہ منائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

متحدہ عرب امارات میں رہنے والے بھارت نژاد افراد نے سفارتی مشن اور کمیونٹی مراکز میں یومِ جمہوریہ کا جشن منایا۔

سعودی عرب کے شہر ریاض میں بھارتی سفارتخانے میں منعقدہ تقریب میں لگ بھگ 500 افراد نے شرکت کی۔

اِدھر نیپال کی راجدھانی کاٹھمنڈو میں بھی بھارتی سفارتخانے میں یومِ جمہوریہ منایا گیا۔ بڑی تعداد میں بھارتی برادری کے لوگوں نے اِس میں شرکت کی۔×

**Vaishnaw Akhshvani**

آکاشوانی نے بھی نئی دِلی میں اپنے ہیڈکوارٹرس میں یومِ جمہوریہ کا جشن منایا۔ اِس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کا 'من کی بات' پروگرام ایک ایسے وسیلے کے طور پر اُبھر رہا ہے، جو پورے ملک میں معاشرے کے ہر طبقے کے لوگوں کے مثبت رول کو تسلیم کرتا ہے اور اِسے اُجاگر کرتا ہے۔ جناب ویشنو نے زور دے کر کہا کہ من کی بات پروگرام مثبت کام کو سامنے لانے کا ایک اچھا وسیلہ بن گیا ہے۔

**2045 Ashwini Vaishnav on MKB**

اِس تقریب میں اطلاعات و نشریات کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل-مورگن، محکمے کے سکریٹری سنجے جاجو، پرسار بھارتی کے CEO گورو دویدی اور دیگر سرکردہ شخصیات نے بھی شرکت کی۔

اِس موقع پر آکاشوانی کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار جین نے آکاشوانی بھون میں قومی پرچم لہرایا۔ آج صبح کرتویہ پتھ پر

وزیراعظم کی 'من کی بات' پروگرام کے، خاص طور پر مدعو کئے گئے، جن افراد نے یومِ جمہوریہ تقریب میں شرکت کی تھی، وہ بھی اِس پروگرام میں موجود تھے۔
آکاشوانی نیوز سے خصوصی گفتگو میں ویٹ لفٹر Asmita Dhone نے کہا کہ 'من کی بات' پروگرام کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ اُن کی بات چیت سے اُنہیں اپنے کھیل میں نئی بلندی تک پہنچنے کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

**2045 Ashmita MKB**

## PM Rajnath Article

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آج شہریوں کو گورننس میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیردفاع راجناتھ سنگھ کے ایک مضمون کو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک، سماجی انصاف کو آگے بڑھا رہا ہے اور اقتصادی شمولیت کو تقویت مل رہی ہے۔
وزیراعظم نے کہا کہ اِن کوششوں کی بدولت بہبود پر مبنی جمہوری ملک کا آئینی نظریہ سربلند رہتا ہے۔ جناب راجناتھ سنگھ نے اپنے مضمون میں وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کے سفر کی جھلک پیش کی ہے۔ وزیرموصوف نے ملک کے سفر کو ''عوام پہلے'' کے نظریے کے ساتھ اُجاگر کیا ہے، جہاں جمہوریت، صرف عوام کی یا عوام کے ذریعے نہیں بلکہ یہ مسلسل عوام کیلئے آگے بڑھ رہی ہے۔x

## Shivraj Farmers

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج اعلان کیا ہے کہ حکومت، تور، مسور اور اُڑد سمیت دالوں کی 100 فیصد سرکاری خرید کو یقینی بنانے کی خاطر کام کر رہی ہے تاکہ کسانوں کو معقول آمدنی کی گارنٹی مل سکے۔
نئی دلّی میں 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر حکومت کی جانب سے خصوصی طور پر مدعو کیے جانے کے موقع پر انہوں نے یہ بات کہی۔ جناب چوہان نے کہا کہ زراعت، بھارتی معیشت کی بنیاد ہے اور تقریباً 70 فیصد آبادی، بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر زراعت اور اُس سے وابستہ سرگرمیوں پر منحصر ہے۔
انہوں نے کہا کہ بھارت، چین کو پیچھے چھوڑتے ہوئے چاول کی پیداوار کرنے والا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے اور انہوں نے مزید کہا کہ چاول کی برآمدات پر پابندیاں ہٹالی گئی ہیں، جس سے کسانوں کو خاص طور پر باسمتی چاول کیلئے معقول قیمت فراہم ہوسکے گی۔x

## Philippines Sea Accident

فلپنس میں آج جنوبی حصے میں ایک بحری جہاز ڈوب گیا، جس میں ساڑھے تین سو سے زیادہ افراد سوار تھے۔ یہ بحری جہاز Zamboanga سے Sulu صوبے میں Jolo جزیرے پر جارہا تھا۔ اِس میں 332 رجسٹرڈ مسافر اور عملے کے 27 اہلکار تھے۔

فلپنس کے ساحلی محافظ دستے، بحریہ اور دیگر امدادی کارکنوں نے 317 افراد کو بچایا ہے اور 18 لاشیں نکالی ہیں۔ 24 دیگر افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔×

## OCA New President

اولمپک کونسل آف ایشیا کے صدر کی حیثیت سے بھارت کے کھیلوں کے آزمودہ کار منتظم رندھیر سنگھ کے عہدے کی مدت، صحت وجوہات سے، آج قبل از وقت ختم ہوگئی۔
اولمپک کونسل آف ایشیا کے ارکان نے آج تاشقند میں اپنی جنرل اسمبلی کی میٹنگ کے دوران شیخ جوعان بن حمد الثانی کو اپنا صدر منتخب کیا۔
ستمبر 2024 میں بھارت کے رندھیر سنگھ چار سال کی مدت کیلئے اولمپک کونسل آف ایشیا کے صدر منتخب ہوئے تھے اور یہ مدت 2028 میں ختم ہونا تھی۔ وہ اِس عہدے پر فائز ہونے والے پہلے بھارتی تھے۔×

## Nepal Turnout

نیپال میں نیپالی کانگریس، قومی اسمبلی کے ایوانِ بالا میں سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے۔ کل ہوئے قومی اسمبلی انتخابات میں نیپالی کانگریس NC اور CPN-UML نے جیت حاصل کی۔ نیپال کے انتخابی کمیشن نے حتمی نتائج کا اعلان کیا، جن کے مطابق NC نے 9 سیٹیں، CPN-UML نے 8 سیٹیں اور لوک تانترک سماجوادی پارٹی نیپال نے ایک سیٹ حاصل کی۔ دو پارٹیوں پر مشتمل اتحاد NC اور UML نے 18 میں سے 17 سیٹیں جیتیں۔
اِس دوران ایوانِ نمائندگان کا انتخاب، اِس سال 5 مارچ کو ہوگا۔ x

## Cricket WPL

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں وڈودرا کے BCA اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس نے رائل چیلنجرس بینگلور کی جیت کیلئے 200 رن کا نشانہ رکھا ہے۔اِس سے قبل ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 199 رن بنائے۔
رائل چیلنجرس بینگلور نے اب سے کچھ دیر پہلے تک بغیر کسی نقصان کے ایک اوورز میں پانچ رن بنا لئے تھے۔
RCB نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا تھا۔ x

## Cambodia Asian Youth Games

کمبوڈیا، 2031 کے ایشیائی یوتھ گیمز کی میزبانی کرے گا۔ کمبوڈیا کی قومی اولمپک کمیٹی نے یہ بات کہی ہے۔ سبھی 45 اولمپک ایشیائی کونسل کے ممبر ملکوں کے ایتھلیٹس، اِس میں حصہ لیں گے۔ اصل طور پر 2029 میں کمبوڈیا کو اِن کھیلوں کی میزبانی کرنی تھی لیکن کھیلوں کے دورانیے میں ہر چار سے دو سال میں تبدیلی کے پیش نظر OCA کی درخواست پر اِس تقریب کو ملتوی کر دیا گیا، جس کا آغاز 2029 سے ہونا ہے۔ x

☆☆☆☆